ایک یہودی لڑکا نبی کریم ﷺ کی خدمت کیا کرتا تھا

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ: ایک یہودی لڑکا نبی کریم ﷺ کی خدمت کیا کرتا تھا وہ بیمار ہو گیا تو آپ ﷺ اس کی عیادت کے لئے تشریف لائے آپ ﷺ اس کے سرہانے بیٹھ گئے اور فرمایا: اسلام قبول کرلو اس نے اپنے باپ کی طرف دیکھا جو اس کے پاس ہی تھا اس نے کہا: ابو القاسم کی اطاعت کرو اس پر اس لڑکے نے اسلام قبول کر لیا اس پر آپ ﷺ یہ کہتے ہوئے باہر تشریف لے آئے کہ: تمام تعریفیں اس ذات کے لئے ہیں جس نے اس کو جہنم سے نجات دے دی

[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

حدیث میں ہے کہ مدینے کے یہودیوں میں سے ایک چھوٹا بچے آپ ﷺ کی خدمت کیا کرتا تھا وہ بیمار ہو گیا تو نبی کریم ﷺ اس کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے اور اسے اسلام کی دعوت دی جس پر وہ مسلمان ہو گیا آپ ﷺ نے فرمایا: ”تمام تعریفیں اس ذات کے لئے ہیں جس نے اسے جہنم سے نجات دی“

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/6186